دوسرا یونٹ

5. اچھی باتیں

تصویر دیکھیے ۔ غور کیجیے ۔ اظہار خیال کیجیے

- تصویریں دیکھیے اور بتائیے کہ ان میں کیا بتایا گیا ہے؟
- ان تصاویر میں کیا فرق ہے؟
- ان تصویروں میں آپ کو کون سا منظر اچھا لگا اور کیوں؟

طلبا کے لیے ہدایات :

- نظم کی تصویریں دیکھیے اور اُن کے بارے میں اظہار خیال کیجیے۔
- نظم پڑھیے۔ ایسے الفاظ کے نیچے خط کھینچیے جن کے معنی آپ نہ جانتے ہوں۔
- خط کشیدہ الفاظ کے معنی اپنے دوستوں، اساتذہ سے معلوم کیجیے یا فرہنگ میں دیکھیے۔

آؤ بچّو تمھیں بتائیں
اچھی باتیں تمھیں سکھائیں
بہتر ہے یہ، سچ ہی بولو
کسی کا لیکن عیب نہ کھولو
نہیں کسی سے لڑنا بچّو!
بس آگے ہی بڑھنا بچّو!

گھر پہ تمھارے جو بھی آئے
تم سے خوش ہوکر ہی جائے
اپنے بڑوں کی عزّت کرنا
اور چھوٹوں پر شَفقت کرنا
یہ جو ہیں استاد تمھارے
کام سے ہوں یہ شاد تمھارے

© SCERT not to be republished

روز تمھیں اسکول ہے جانا
اچھّی باتیں سیکھ کے آنا
تم کو اچھّے کام ہیں کرنا
روشن اپنے نام ہیں کرنا
پڑھنا لکھنا کام ہے اچھّا
پڑھنے کا انجام ہے اچھّا

عاکفؔ کا ہے یہ بھی کہنا
بچّو ! تم کو صاف ہے رہنا

شاعر: ڈاکٹر رضا الرحمٰن عاکفؔ

© SCERT not to be republished

یہ کیجیے

I. سنیے - سوچ کر بولیے

1. سبق کی تصویر دیکھیے اور اس پر گفتگو کیجیے۔
2. اس نظم کو ترنم اور اداکاری سے پڑھیے۔
3. اس نظم میں شاعر کیا کہنا چاہ رہا ہے؟
4. نظم میں اپنے استاد کو خوش رکھنے کی بات کہی گئی ہے، آپ اپنے گھر میں والدین اور بزرگوں کو کس طرح خوش رکھیں گے۔
5. سچ بولنا اچھی عادت ہے۔کیا آپ ہمیشہ سچ بولتے ہیں؟
6. دوسروں کے عیب بیان کرنا بُری بات ہے۔کیوں؟

II. روانی سے پڑھیے - سمجھ کر بولیے - لکھیے۔



I.

1. اس نظم میں کن اچھی باتوں کا ذکر کیا گیا ہے پڑھیے اور لکھیے۔
2. نظم کا وہ کون سا شعر ہے جس میں بڑوں کی عزّت کرنے اور چھوٹوں پر شفقت کے لیے کہا گیا ہے۔
3. نظم کے وہ اشعار پڑھیے جن میں یہ باتیں کہی گئی ہیں؟

سچ بولنا ________________

کسی سے نہ لڑنا ________________

روز اسکول جانا ________________

اچھّے کام کرنا ________________

عزّت و شفقت ________________

4. نظم کا وہ شعر سنائیے جو آپ کو زیادہ پسند ہے۔

II. ذیل میں دی گئی اچھی عادتوں کے سامنے صحیح (✔) اور غلط عادتوں کے سامنے غلط (×) کا نشان لگائیے۔

1. کتابوں کا مطالعہ کرنا ( )	2. ہر روز مدرسہ جانا ( )
3. جھوٹ بولنا ( )	4. سلام کرنا ( )
5. جابجا کچرا ڈالنا ( )	6. کسی کی برائی کرنا ( )

حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے یہ کتاب مفت تقسیم کے لیے ہے
© SCERT not to be republished

III. سوچیے اور لکھیے

1. نظم میں کئی اچھّی عادتیں بتائی گئی ہیں ان کے علاوہ آپ اور کون سی اچھّی عادتوں کے بارے میں جانتے ہیں لکھیے۔
2. آپ کے گھر اگر کوئی مہمان آ جائیں تو آپ انھیں کس طرح خوش کریں گے؟
3. کسی سے لڑنا نہیں چاہیے اور اگر کوئی لڑ رہا ہو تو آپ کیا کریں گے؟
4. اپنے استاد کو خوش کرنے کے لیے آپ کیا کریں گے؟

IV. لفظیات

جس طرح روشن کے معنی چمک دار کے ہیں اُسی طرح دیے گئے ہر لفظ کے متعلقہ معنی ڈھونڈ کر لکھیے۔

محبت	شاد	اچھا	چمک دار
انجام	الفت		خوش
برائی		نتیجہ	
	روشن	عیب	بہتر

مثال: روشن ۔ چمک دار

ب: اس نظم میں موجود ہم آہنگ الفاظ ڈھونڈ کر لکھیے۔

مثال: بتائیں ۔ سکھائیں

© SCERT not to be republished

حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے یہ کتاب مفت تقسیم کے لیے ہے

V. تخلیقی اظہار

ذیل کی ادھوری کہانی مکمل کیجیے۔

احمد اور رحیم دونوں بہت گہرے دوست تھے۔ وہ دونوں پڑوسی تھے۔ احمد ایک نیک اور سچّا لڑکا تھا۔ جب کہ رحیم نیک تھا لیکن تھوڑا شریر تھا۔

ایک دن دونوں مدرسہ جا رہے تھے۔ راستے میں درخت کے نیچے ایک کتّا سو رہا تھا۔ احمد نے کتّے کو دیکھا اور خاموشی سے آگے بڑھ گیا لیکن رحیم چونکہ شریر تھا اُس نے کتّے کو چھیڑا ....

....

VI. توصیف / منصوبہ کام

آپ کی جماعت کے اس طالب علم کی نشان دہی کیجیے جس کی عادتیں آپ کو پسند ہیں۔ اور ان عادتوں کے بارے میں لکھیے۔

VII. زبان شناسی

- ہمارے گاؤں کا نام رام پور ہے۔
- میں کل گاؤں جا رہا ہوں۔

اوپر کے جملوں کے آخر میں چھوٹی سی لکیر کی شکل میں جو علامت لگائی گئی ہے۔ اس کو ''ختمہ'' کہتے ہیں۔

بتایئے میں کون ہوں؟

> سنیے!
> میں ختمہ ہوں (۔)
> مجھے جملے کے آخر میں لگایا جاتا ہے
> میں موجود ہوں تو سمجھیے جملہ ختم ہوا۔
> انگریزی میں مجھے فل اِسٹاپ کہتے ہیں۔

ذیل کی عبارت پڑھیے اور مناسب جگہوں پر ختمہ (۔) لگایئے۔

شاکر جماعت سوّم میں پڑھتا ہے ایک دن زوردار بارش کی وجہ سے راستے میں کیچڑ پھیل چکی تھی بچّوں کو راستہ چلنے میں تکلیف ہو رہی تھی خالد نے سب کا ہاتھ پکڑ کر انہیں مدرسے تک پہنچایا

کیا میں یہ کر سکتا / کر سکتی ہوں؟

1. میں اس نظم کو ترنم و اداکاری کے ساتھ پڑھ سکتا / پڑھ سکتی ہوں۔	ہاں / نہیں
2. میں نظم کا خلاصہ بیان کر سکتا / کر سکتی ہوں۔	ہاں / نہیں
3. اچھی عادتوں کے بارے میں لکھ سکتا / لکھ سکتی ہوں۔	ہاں / نہیں
4. کسی بھی نامکمل کہانی کو آگے بڑھا سکتا / بڑھا سکتی ہوں۔	ہاں / نہیں

© SCERT not to be republished